اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی / بارواں اجلاس (پہلی نشست)

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ بروز جمعرات مورخہ 27رفروری 2025ء بمطابق ۲۸رشعبان المعظم ۱۴۴۶ھ۔



| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔ | 03 |
| 2 | پینل آف چیئر پرسنز۔ | 04 |
| 3 | رخصت کی درخواستیں۔ | 04 |
| 4 | تعزیتی قرارداد۔ | 05 |
| 5 | دُعائے مغفرت۔ | 06 |



جلد 12 ☆☆☆ شمارہ 01

# ایوان کے عہدیدار

اسپیکر۔۔کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی

ڈپٹی اسپیکر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔میڈم غزالہ گولہ بیگم

# ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب خالد احمد قمبرانی

☆☆☆

# بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

بروز جمعرات مورخہ 27/فروری 2025ء بمطابق ۲۸/شعبان المعظم ۱۴۴۶ھ۔

بوقت سہ پہر 03:55 منٹ پر زیر صدارت کیپٹن (ریٹائرڈ) جناب عبدالخالق خان اچکزئی، اسپیکر، بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

**جناب اسپیکر:** السلام علیکم! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ط

اِنَّ اللّٰہَ یَاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ وَالۡاِحۡسَانِ وَاِیۡتَآیِٔ ذِی الۡقُرۡبٰی وَیَنۡہٰی عَنِ الۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡکَرِ وَالۡبَغۡیِ ج
یَعِظُکُمۡ لَعَلَّکُمۡ تَذَکَّرُوۡنَ ﴿۹۰﴾ وَاَوۡفُوۡا بِعَہۡدِ اللّٰہِ اِذَا عٰہَدۡتُّمۡ وَلَا تَنۡقُضُوا الۡاَیۡمَانَ بَعۡدَ
تَوۡکِیۡدِہَا وَقَدۡ جَعَلۡتُمُ اللّٰہَ عَلَیۡکُمۡ کَفِیۡلًا ط اِنَّ اللّٰہَ یَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿۹۱﴾

﴿پارہ نمبر ۱۴ سُوۡرَۃُ النحل آیات نمبر ۹۰ اور ۹۱﴾

**ترجمہ:** اللہ حکم کرتا ہے انصاف کرنے کا اور بھلائی کرنے کا اور قرابت والوں کو دینے کا اور منع کرتا ہے بے حیائی سے اور نامعقول کام سے اور سرکشی سے، تم کو سمجھاتا ہے تاکہ تم یاد رکھو۔ اور پورا کرو عہد اللہ کا جب آپس میں عہد کرو اور نہ توڑو قسموں کو پکا کرنے کے بعد اور تم نے کیا ہے اللہ کو اپنا ضامن، اللہ جانتا ہے جو تم کرتے ہو۔ صَدَقَ اللّٰہُ الۡعَظِیۡم۔

☆☆☆

**جناب اسپیکر:** اَعُوْذُبِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ۔بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهٗ۔ پہلے مَیں آپ حضرات کو یہ بتانا پسند کروں گا کہ آج ہم نے آپ کے لئے پوری اسمبلی میں نئے ساؤنڈ سسٹم مائیک لگائے ہیں ۔ (ڈیسک بجائے گئے ) یہ ہم نے عارضی طور پر کمیٹی روم سے یہاں لے کے آئے ہیں چونکہ ساؤنڈ سسٹم بڑا weak تھا۔

**میر محمد یونس عزیز زہری (قائد حزب اختلاف):** لیکن کنٹرول اپنے پاس رکھا ہے جناب۔

**جناب اسپیکر:** نہیں کنٹرول مَیں نے اپنے پاس نہیں رکھا ہے بلکہ ہمارے پاس سسٹم ہے وہ کنٹرول کرتا ہے۔

**قائد حزب اختلاف:** نہیں۔آپ نے اپنے پاس رکھا ہے کیونکہ اس پر بھی ہمیں تھوڑا سا۔۔۔

**جناب اسپیکر:** نہیں نہیں مَیں آپ کو بتارہا ہوں ساؤنڈ کنٹرول سسٹم اوپر ہے ۔وہ خود اُدھر سے کنٹرول ہورہا ہے۔لیکن یہ ہے کہ عارضی طور پر آپ کے نوٹس میں ہو تو انشاء اللہ وتعالیٰ ہماری اُمید ہے کہ گورنمنٹ اس پر سوچھے گی تا کہ permanent طور پر جہاں بھی ہو یہ سسٹم لائیں گے۔

**سردار عبدالرحمٰن کھیتران (وزیر پی ایچ ای):** ایک اور چیز پر بھی سوچنا۔یہ آپ نے اُلٹا کر دیا ہے۔جب سرخ ہوتا ہے تو ہر چیز بند ہو جاتی ہے گرین ہوتا ہے تو سب چیز کھل جاتی ہیں۔آپ نے اُلٹا کیا ہے جب سرخ ہو گا تو۔۔۔

**جناب اسپیکر:** ہمیں ہر وقت آپ کی رہنمائی کی ضرورت ہے اور انشاء اللہ اس کو ہم ٹھیک کریں گے ۔جی جی thank you۔

**جناب اسپیکر:** مَیں قواعدو انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر13 کے تحت ذیل اراکین اسمبلی کو رواں اجلاس کے لئے **پینل آف چیئر پرسن** کے لئے نامزد کرتا ہوں:

۱۔مولوی نوراللہ صاحب۔

۲۔جناب محمد صادق سنجرانی صاحب۔

۳۔میر زابد علی ریکی صاحب۔

۴۔محترمہ اُم کلثوم صاحبہ۔

**جناب اسپیکر:** رخصت کی درخواستیں۔

سیکرٹری اسمبلی رخصت کی درخواستیں پڑھیں۔

**جناب طاہر شاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی):** محترمہ رحیلہ حمید خان درانی صاحبہ نے آج اور کل کی نشستوں سے جبکہ سردار فیصل خان جمالی صاحب، میر شعیب نوشیروانی صاحب، جناب اصغر علی ترین صاحب، میر جہانزیب خان مینگل

صاحب ،محترمہ شہناز عمرانی صاحبہ ،محترمہ فرح عظیم شاہ صاحبہ اورمحترمہ اُم کلثوم نیازصاحبہ نے آج کی نشست سے رخصت منظور کرنے کی درخواست کی ہے۔

جناب اسپیکر: آیارخصت کی درخواستیں منظور کی جائے؟

جناب اسپیکر: رخصت کی درخواستیں منظور ہوئی۔

جناب اسپیکر: چونکہ ہمارے دومعزز سابق اراکین اسمبلی جناب طاہرمحمود صاحب جومورخہ 23 فروری 2025ءاور جناب نور محمد صراف صاحب مورخہ 15 جنوری 2025 کو بقضائے الٰہی انتقال فرما چکے ہیں ۔حسبِ روایت ان کے صوبے کے لئے گرانقدر خدمات کے اعتراف میں آج کی نشست میں صرف اُن کے لئے دعائے مغفرت اور تعزیتی قرارداد پیش کی جائیگی ۔لہذا کوئی رکن اسمبلی جناب طاہرمحمود صاحب اور جناب نور محمد صراف صاحب کوخراج عقیدت پیش کرنے کیلئے تعزیتی قرارداد پیش کرے۔

جناب اسپیکر: شاہدہ روف صاحبہ کہاں ہیں۔آپ کے پاس میرے خیال میں آپ پڑھیں۔

محترمہ شاہدہ روف: تعزیتی قرارداد میں شاہدہ روف رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی تعزیتی قرارداد پیش کرتی ہوں

ہرگاہ کہ یہ ایوان سابق اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی جناب طاہرمحمود جومورخہ 23 فروری 2025ء اور جناب نور محمد صراف صاحب جومورخہ 15 جنوری 2025ء کو بقضائے الٰہی انتقال فرما گئے ہیں، پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کرتا ہے۔

یہ کہ جناب طاہرمحمود جو 2013ء میں حلقہ پی بی-1 کوئٹہ 1 سے رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔جبکہ نور محمد صراف صاحب جو 1988ء میں حلقہ پی بی 2 کوئٹہ سے رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی منتخب ہوئے تھے۔یہ ایوان اِن کے صوبہ کے لئے گرانقدر خدمات پر اُنھیں شاندارالفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کرتا ہے۔

بلوچستان اسمبلی کا یہ ایوان اُن کے خاندانوں سے نہ صرف دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے بلکہ دعا کرتا ہے کہ اللہ پاک مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام اور لواحقین کو صبرِ جمیل عطاء فرمائے۔آمین۔

جناب اسپیکر: آمین۔تعزیتی قرارداد پیش ہوئی۔

جناب اسپیکر: آیا تعزیتی قرارداد منظور کی جائے؟

جناب اسپیکر: تعزیتی قرارداد منظور ہوئی۔جی

جناب خیر جان بلوچ: بسمِ اللہِ الرحمٰنِ الرحیم ۔اسپیکر صاحب! ہماری رکن اسمبلی محترمہ اُم کلثوم صاحبہ کی والدہ فوت ہوئی ہیں اُن کے لئے بھی قرارداد اور سی ایم صاحب سے میری request ہوگی جو۔۔۔

**جناب اسپیکر:** صرف دعا تک ۔مولوی صاحب دعا کریں۔

(مغفرت کی دعا کی گئی)

**جناب اسپیکر:** انا اللہ وانا الیہ راجعون۔جی

**ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ:** مجھے ایک منٹ دینگے؟

**جناب اسپیکر:** جی

**ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ:** یہاں ہمارے جو ٹیچرز بیٹھے ہوئے ہیں گیٹ پر مَیں سی ایم صاحب سے گزارش کرتا ہوں کہ ایک دو ارکان اسمبلی کو ٹریژری بینچ سے اپوزیشن سے بیج کرتا کہ اُن کو تسلی دے دیں اور اُن سے بات کریں۔دوسرا اسپیکر صاحب! مَیں آپ سے گزارش کرتا ہوں آپ نوٹس لے لیں کہ جو جتنے بھی یہاں جہاز چل رہے ہیں اُن کا کرایہ 70ہزار سے 80ہزار تک چلا گیا ہے۔

**جناب اسپیکر:** اب اسمبلی کا اجلاس بروز جمعہ مورخہ 28فروری 2025ء بوقت سہ پہر 3:00 بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس سہ پہر 04 بجکر 05منٹ پر اختتام پذیر ہوا)

☆☆☆